THE OHIO STATE UNIVERSITY
CENTER ON EDUCATION AND TRAINING FOR EMPLOYMENT

Ohio Department of Education & Workforce

# فیملی روڈ میپ

## فیملی روڈ میپ میں خوش آمدید

روڈ میپ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے آپ ویڈیو دیکھ سکتے ہیں۔

## آپ کے حقوق برائے تعلیم

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں، اسکول اور خاندان بچوں کو سیکھنے اور بڑھنے میں مدد کرنے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے قوانین موجود ہیں کہ ہر بچہ اچھی تعلیم حاصل کرے۔ تمام طلباء اور خاندانوں کے لیے سرکاری اسکول کے یکساں حقوق اور تحفظات لاگو ہوتے ہیں۔ وہ طلباء جو ایک نئی زبان کے طور پر انگریزی سیکھ رہے ہیں انہیں زبان کی معاونتیں حاصل کرنے اور اسکول کی تمام سرگرمیوں میں حصہ لینے کے قابل ہونے سے متعلق تحفظات حاصل ہوتے ہیں۔

خاندانوں کو اپنے طلباء کے حقوق کو سمجھنا چاہیئے۔ تب، انہیں اس بات کا علم ہو گا کہ انہیں اپنے اسکول سے کیا توقع رکھنی ہے۔ وہ یقینی بنا سکتے ہیں کہ انہیں بہترین ممکنہ تعلیم مل رہی ہے۔ اس سے طلباء کو روشن مستقبل کے لیے تیار کرنے میں مدد ملتی ہے۔

تعلیم کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## اسکول کے اختیارات

یہ وسیلہ آپ کو ریاست اوہائیو میں آپ اور آپ کے خاندان کے لیے دستیاب اسکول کے مختلف اختیارات کے بارے میں جاننے میں مدد کرے گا۔ اس میں روایتی سرکاری اسکولوں، چارٹر اسکولوں اور نجی اسکولوں کے بارے میں معلومات شامل ہیں۔ کئی وجوہات ہیں جن کی بنا پر خاندان ایک قسم کے اسکول کو دوسرے پر منتخب کرتے ہیں۔ اوہائیو میں آٹھ اسکولوں کے اختیارات ہیں اور ساتھ ہی معذوریوں کے حامل طلباء کے لیے اختیارات بھی ہیں۔

بچے اس وقت اسکول میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کا زیادہ امکان رکھتے ہیں جب ان کے والدین یا نگہداشت کاران شامل ہوں۔ اپنے بچے کی تعلیم میں شامل ہونے کے لیے والدین یا نگہداشت کاران کے لیے یہ سمجھنا مفید ہے کہ اسکول کس طرح منظم ہیں۔ اسکول کے نظام مختلف ہو سکتے ہیں۔ یہ جاننا مددگار ہے کہ خاندانوں، والدین، یا نگہداشت کاران کے پاس اپنے بچے کی معاونت کرنے کے لیے کون سے اختیارات دستیاب ہیں۔

اوہائیو کے کُل ریاستی خاندانی مشغولیت کے مرکز کے اسکول کا ٹول منتخب کریں تاکہ آپ کے خاندان کو اپنے بچے کے لیے بہترین اسکول کا انتخاب کرنے میں مدد مل سکے۔

# اندراج

## اوہائیو میں اپنے بچے کا اندراج کروانا

ایک نئے اسکول میں شروعات کا وقت بچوں اور ان کے خاندانوں کے لیے دلچسپ ہوتا ہے۔ یہ دوستوں اور اساتذہ کے ساتھ نئے تعلقات کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب آپ کا خاندان اسکول کی کمیونٹی کا حصہ بن رہا ہوتا ہے۔ اس سے پہلے کہ آپ کے بچے اسکول شروع کر سکیں، آپ کو لازماً ان کا اندراج کروانا ہو گا۔ اندراج کے دوران، آپ بہت سے پروگراموں کے بارے میں جانیں گے نیز اسکول طلباء اور خاندانوں کو کی فراہم کرتا ہے۔

اپنے بچے کو اسکول میں داخل کرنے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## اسکول میں حاضری کو سمجھنا

جو بچے اکثر اسکول جاتے ہیں اسکول میں ان کی اچھی کارکردگی کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ وہ طلباء جو روزانہ اسکول جاتے ہیں، ان کے ہائی اسکول سے گریجویٹ ہونے کے امکانات نو گنا زیادہ ہوتے ہیں۔ تیسرے گریڈ تک ان کے پڑھنے میں کامیابی حاصل کرنے کے امکانات بھی چھ گنا زیادہ ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے، بچوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اسکول جائیں۔ اوہائیو میں، اسکول بچوں کے اسکول میں حاضری کے گھنٹوں کا ریکارڈ رکھتے ہیں۔

اسکول کی حاضری کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## اپنے بچے کی تعلیمی پیشرفت کو سمجھنا

اپنے بچے کی تعلیمی پیشرفت کو سمجھنا اسکول میں ان کی کامیابی کے لیے اہم ہے۔ یہ جان کر کہ وہ اپنی پڑھائی میں کتنی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، آپ مؤثر طریقے سے ان کی معاونت اور رہنمائی کر سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کا اسکول ان کی تعلیم کا مختلف طریقوں سے جائزہ لے سکتا ہے، جیسے امتحانات اور اسائنمنٹس۔ یہ ان کے تعلیمی سفر میں اہم بصیرتیں فراہم کرتا ہے۔

تعلیمی پیشرفت اور گریڈنگ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

# انگریزی زبان کی معاونتیں

اوہائیو کے اسکول اور اساتذہ چاہتے ہیں کہ بچے دنیا میں اچھی طرح سے مواصلت کرنے کے لیے اپنے مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ اس میں ان طلباء کو انگریزی زبان کی معاونتیں فراہم کرنا شامل ہے جنہیں اس کی ضرورت ہے۔ اسکولوں میں طلباء کو ان کی انگریزی کی مہارتوں کو بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لیے مخصوص اقدامات اور معاونتیں موجود ہیں۔

انگریزی زبان کی معاونتوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

# کامیابی کے لیے مل کر کام کرنا

## اپنے بچے کی کامیابی کے لیے اسکول کے ساتھ مل کر کام کرنا

آپ کے بچے کو آپ اور آپ کے خاندان سے بہتر کوئی نہیں جانتا۔ جب آپ اپنے بچے کی تعلیم میں معاونت کرنے کے طریقے کے بارے میں جاننا چاہتے ہوں یا جب آپ کے بچے کو مدد کی ضرورت ہو تو آپ اسکول سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ یہ یقینی

بنانے کے لیے بھی اسکول سے رابطہ کر سکتے ہیں کہ آپ کا بچہ درست راستے پر ہے۔

اسکولوں کے ساتھ کام کرنے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

### اسکول کی کمیٹیوں اور ٹیموں میں کیسے شرکت کریں

جب خاندان اور اساتذہ مل کر کام کرتے ہیں تو بچوں کے کامیاب ہونے، روزانہ اسکول جانے، اور اپنے ہم جماعتوں اور اساتذہ سے جڑنے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ وہ والدین اور نگہداشت کنندگان جو اسکول میں شامل ہوتے ہیں، خود کو اسکول کمیونٹی کا حصہ محسوس کرتے ہیں۔ کچھ خاندان اپنے بچے کے اسکول میں شرکت کرنے کے لیے ایک اہم طریقہ یہ چنتے ہیں کہ وہ اسکول کی ٹیم یا کمیٹی میں شامل ہو جاتے ہیں۔ والدین اور نگہداشت کاران دوسرے خاندانوں سے مل سکتے ہیں اور اساتذہ اور منتظمین کے ساتھ مل کر اسکول یا ڈسٹرکٹ کے بارے میں فیصلے کر سکتے ہیں۔

اپنے بچے کی اسکول میں شرکت کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## گریجویشن

"ہمیں معلوم ہے کہ یہ آسان نہیں ہے، لیکن آپ اپنے بچوں کے مستقبل کے لیے بہترین کام کر رہے ہیں۔" - اوہائیو کا استاد

### اپنے بچے کی گریجویشن میں معاونت کرنا

ہائی اسکول سے گریجویشن نوجوان بالغوں کے لیے کالج اور کیریئر کے مواقع کو دریافت کرنے کا پہلا اہم مرحلہ ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ طلباء مستقبل کی کامیابی کے لیے تیار ہوں، اوہائیو کے اسکولوں نے وہ تقاضے متعین کیے ہیں جو طلباء کو گریجویٹ ہونے کے لیے لازمی مکمل کرنے چاہئیں۔ آپ اپنے بچے کی گریجویشن اور ان کے مستقبل کی تیاری میں مدد کر سکتے ہیں۔ گریجویشن کے تقاضوں اور ان مختلف طریقوں کا جائزہ لیں جن کے ذریعے آپ ان کی معاونت کر سکتے ہیں۔

گریجویشن کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

### اپنے بچے کو روشن مستقبل کے لیے تیار کرنا

آپ کا خاندان آپ کے بچے کے مستقبل کی تیاری میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ چاہے آپ کا بچہ کوئی بھی راستہ اختیار کرے، آپ ان کے مستقبل کے اختیارات کی دریافت میں ان کی مدد کر کے ان کی معاونت کر سکتے ہیں۔ آپ ان سے پوچھ سکتے ہیں کہ وہ کن راستوں یا کیریئرز میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ یا آپ ان سے ان کے خوابوں اور اہداف کے بارے میں پوچھ کر شروع کر سکتے ہیں۔ آپ یہ بھی دریافت کر سکتے ہیں کہ آپ کے بچے کے اسکول اور آپ کی کمیونٹی میں کیا مدد دستیاب ہے۔

کالج اور کیریئر کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## اضافی معاونتیں

### ورچوئل (یا آن لائن) لرننگ کے ساتھ اپنے بچے کی مدد کرنا

ورچوئل لرننگ ایک ایسا طریقہ ہے جس میں ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے تعلیم حاصل کی جاتی ہے اور اس نے اسکول میں ہمارے سیکھنے کا طریقہ بدل دیا ہے۔ یہ ہر عمر کے بچوں کو اپنے آس پاس کی دنیا کے بارے میں تیزی سے اپنی تفہیم کو بڑھانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس ٹیکنالوجی سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے، اسکول ورچوئل لرننگ کا استعمال

کرتے ہیں تاکہ طلباء کو ان کی تعلیم میں مدد مل سکے۔ اسکولوں میں ورچوئل لرننگ کا استعمال ہر اسکول اور گریڈ سطح پر مختلف ہو سکتا ہے۔ یہ سمجھنا ضروری ہے کہ گھر پر ورچوئل لرننگ کی معاونت کیسے کی جائے۔

ورچوئل یا آن لائن لرننگ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

### اسکول کے وقت کے علاوہ طلباء کے لیے پروگرامز

اوہائیو میں، ایسے پروگرامز ہیں جن میں طلباء اسکول کے وقت کے علاوہ شامل ہو سکتے ہیں۔ یہ پروگرامز اسکول سے پہلے یا بعد میں ہو سکتے ہیں۔ کچھ اسکولوں میں وقفوں کے دوران ہو سکتے ہیں۔ کچھ پروگرامز ان طلباء کو اضافی معاونت فراہم کر سکتے ہیں جنہیں اسکول میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ بچوں کو ہوم ورک کرنے اور کمپیوٹر اور انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ایک پرسکون جگہ دے کر اسکول میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ وہ اسکول کے کام میں اضافی مدد بھی فراہم کر سکتے ہیں یا ایسی تفریحی سرگرمیاں کروا سکتے ہیں جو نئی چیزیں سکھائیں۔ ان پروگراموں میں، بچے نئے دوست بنا سکتے ہیں اور دوسروں سے سیکھ سکتے ہیں۔ خاندانوں کو اپنے بچے کو رجسٹر کروانے یا کچھ قواعد پر پورا اترنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ یہ پروگرام مفت ہو سکتے ہیں یا اس میں اضافی اخراجات ہو سکتے ہیں۔ کچھ تو بچوں کو کھانا بھی دیتے ہیں یا نقل و حمل میں مدد کرتے ہیں۔

اسکول کے وقت کے علاوہ والے پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

### اپنے بچے کی ذہنی صحت میں معاونت کرنا

اوہائیو میں، اسکول بچے کی مکمل طور پر معاونت کرنے کے لیے کام کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اسکول ہر طالب علم کی تعلیمی کامیابی اور فلاح و بہبود کی پرواہ کرتے ہیں۔ اس وجہ سے، اسکول طلباء کی ذہنی صحت کی معاونت کرنے کے لیے وسائل فراہم کرتے ہیں۔

اپنے بچے کی ذہنی صحت کی معاونت کرنے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

### اسکولوں کے ساتھ مواصلت کرنے کے لیے مترجمین کا استعمال

اوہائیو میں، اسکول اور خاندان بچوں کو کامیاب ہونے میں مدد کرنے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت اور اہم معلومات کا اشتراک کر کے ایسا کرتے ہیں۔ اسکولوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ معلومات ان زبانوں میں فراہم کریں جنہیں خاندان ترجیح دیتے ہیں۔ آپ کے خاندان کو سوالات پوچھنے اور اسکول کے ساتھ اپنے آئیڈیاز یا خدشات کا اظہار کرنے کے لیے مترجمین سے مدد مل سکتی ہے۔

مترجمین کے استعمال کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## تنظیموں کی فہرست

### اوہائیو میں وسائل

یہ تنظیمیں ان خاندانوں کی مدد کرنے پر توجہ مرکوز کرتی ہیں جو اوہائیو میں نئے ہیں اور انگریزی کے علاوہ دوسری زبانیں بولتے ہیں۔

تنظیموں کی فہرست کی ایک کاپی اپنے کمپیوٹر یا ڈیوائس پر ڈاؤن لوڈ کریں۔

## فرہنگ

یہ فرہنگ آپ کو اسکول اور تعلیم کے بارے میں عام اصطلاحات کی سادہ تعریفیں اور وضاحتیں فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے۔ یہ مواد آپ کو اپنے بچے کی تعلیم کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد کرے گا۔

فرہنگ کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

ان وسائل کا مقصد اوہائیو کے کثیر لسانی سیکھنے والوں کے لیے تعلیم، طالب علم کی بہبود، اور کالج اور کیریئر کے نتائج کو بہتر بنانا ہے۔ وسائل اوہائیو کے محکمہ تعلیم اور افرادی قوت اور دی اوہائیو اسٹیٹ یونیورسٹی کے مرکز برائے تعلیم و تربیت برائے روزگار کے تعاون سے ایک مشترکہ کوشش کے ذریعے تیار کیے گئے تھے، جن میں خاندانی امور کے وکلا، کمیونٹی کے قائدین، اسکول ڈسٹرکٹ کا عملہ، اور اساتذہ کا ایک خصوصی گروپ شامل تھا۔

[کاپی رائٹ] 2024© مرکز برائے تعلیم و تربیت برائے روزگار، دی اوہائیو اسٹیٹ یویونیورسٹی